اخبار الجامعہ

یکم جنوری............تا............30 جون 2004ء

مرتب: محمد ایوب غلام

2-1-04 ندوۃ شباب العالم الإسلامی مظفر آباد پاکستان کے مشرف الشیخ عبدالغیاث صاحب اپنے نائب کے ہمراہ تشریف لائے۔ جامعہ سمیت کئی برانچوں کا دورہ کیا اور اہم مشاریع کا بھی معاینہ کیا۔

4-1-04 ادارۃ التعلیم کے زیر اہتمام تعلیمی کمیٹی اور نصابی کمیٹی کا مشترکہ اجتماع منعقد ہوا، جس میں تعلیمی امور اور منہج برائے فروعات پر سیر حاصل بحث کے بعد اہم فیصلے صادر کیے گئے۔

15-1-04 تعلیمی کمیٹی کی دوسری میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں مرحلہ ابتدائیہ کے لئے جامعہ کے ممتاز علماء کا تیار کردہ قاعدہ "تیسیر القرآن بمع ادعیہ ماثورہ" شامل نصاب کرنے اور چھاپنے کی منظوری دی گئی۔

1-2-04 مختلف محسنین اور جمعیات کی طرف سے ارسال شدہ قربانی، کمیٹی کی زیر نگرانی تقسیم کی گئی۔

7-2-04 برانچہائے جامعہ میں سالانہ امتحان زیر امارت الشیخ محمد یونس فردوسی مدرس شروع ہوا، جو ایک ہی ٹیم نے لیا اور تفصیلی تاثرات بھی ادارۃ التعلیم کو پیش کیے۔ فروعات جامعہ میں شریک امتحان طلباء و طالبات کی تعداد 4100 تھی۔

21-2-04 انتظامیہ اور تعمیراتی کمیٹی کا مشترکہ اجلاس ہوا۔ جاری اور نئے مشاریع پر نئے موسم میں کام شروع کرنے کیلئے اہم فیصلے کیے گئے۔

1-3-04 جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی میں نئے تعلیمی سال کا آغاز ہوا۔

6-3-04 قصور الہ آباد سے جناب حاجی رحمت اللہ صاحب اور مولانا بارک اللہ صاحب تشریف لائے۔ کلیۃ الحدیث اور فارم توحید آباد کا دورہ کیا۔ قسم التحفیظ کیلئے 100 آہنی تپائیاں عنایت کرنے کا وعدہ کیا۔

21-3-04 مجلس عاملہ جمعیت اہلحدیث بلتستان کا اجتماع فارم توحید آباد میں منعقد ہوا، جس میں بجٹ کی منظوری دی گئی۔

22-3-04 تعلیمی کمیٹی اور انتظامیہ کی مشترکہ میٹنگ ہوئی۔

24-3-04 F.I.A ناردرن ایریاز کے ڈائریکٹر جناب حشمت اللہ خان صاحب نے فارم توحید آباد کا دورہ کیا۔ اور مسئولین جامعہ سے تبادلہ خیالات کیے۔

27-3-04 انتظامیہ کی ہنگامی میٹنگ ہوئی۔جس میں مولانا عبدالرحیم عمر خان کو فارم توحید آباد سے دوبارہ مراقب عام اور حافظ عبدالرحمٰن کو معاون مشرف مقرر کیا گیا۔

1-4-04 کلیۃ الدراسات الإسلامیہ للبنات میں تکمیل حفظ قرآن کریم کے سلسلے میں ایک شاندار جلسہ ہوا۔ اساتذہ کرام، معلمات اور بہت سے والدین بھی شریک ہوئے۔اس دفعہ 12 طالبات نے ایک ساتھ حفظ مکمل کیا تھا۔

10-4-04 جمعیت طلباء جامعہ کے انتخابات ہوئے، جس میں مندرجہ ذیل طلباء منتخب ہوئے: عبداللہ شاکر (امیر جمعیت)، حافظ یوسف یعقوب (سکریٹری)، فضل الرحمٰن (خازن)، سلیم الحیدری (نائب امیر) اورالیاس جہانگیر (نائب سکریٹری)

20-4-04 جمعیت طلباء کاافتتاحی جلسہ منعقد ہوا۔اساتذہ کرام نے بھی خصوصی خطاب کیے۔اور دوران جلسہ ایک سبق آموز ڈرامہ بھی پیش کیا گیا۔

5-5-04 جمعیت طالبات كلية الدراسات الإسلامية کاافتتاحی جلسہ ہوا۔

24-5-04 فرقہ اثناعشریہ کے ممتاز مصنف جناب حسن فخرالدین صاحب تشریف لائے۔بعض علماء کرام کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

26-5-04 چیرمین چیف کورٹ جناب خورشید صاحب بمع 15 رکنی ٹیم تشریف لائے، فارم توحید آباد کا دورہ کیا اور مسئولین جامعہ سے ملاقات کی۔وفد میں سول جج سکردو، چیرمین بلدیہ سکردو اور کئی ایڈووکیٹ حضرات بھی شامل تھے۔

27-5-04 جمعیت اہلحدیث غواڑی کا ایک خصوصی اجتماع فارم توحید آباد میں منعقد ہوا، جس میں اصلاح معاشرہ کے لیے لائحہ عمل پر غور وخوض کیا گیا اور محلّہ وار مسئولین کی تقرری کا فیصلہ ہوا۔

30-5-04 مجلس شوری کا اجلاس منعقد ہوا۔مہمان خصوصی فضیلۃ الشیخ ابراہیم خلیل الفضلی صاحب تھے۔

31-5-04 جمعیت طلباء جامعہ کے زیر اہتمام (بزم چراغ شب) کے عنوان سے دونشستوں پر مشتمل بین الطلابی مقابلہ ہوا۔ پہلا حصہ ''سیرت محسن اعظم ﷺ'' پر معلوماتی سوالات پر۔ اور دوسرا حصہ بیت بازی،، پر مشتمل تھا۔

5-6-04 بیت السلام کراچی کے مسئول جناب ڈاکٹر زکریا صاحب اور قاری بشیر صاحب نے جامعۃ فارم اور کئی برانچوں کا دورہ کیا۔

19-6-04 ضلع سوات کانجو سے الشیخ محمد افضل سلفی امیر جماعت اہلحدیث کے ہمراہ 5 رکنی علماء کرام کا وفد تشریف لایا، جامعہ اور فارم تو حید آباد کا دورہ کیا، بعد نماز ظہر جامع الجامعہ میں اساتذہ اور طلباء سے خطاب فرمایا۔

23-6-04 جمعیت طلباء جامعہ کا مقابلہ ''حسن قرأت ونظم'' منعقد ہوا۔ مقابلہ حسن قرأت میں حافظ عبدالحمید نے اول، حافظ بشیر نے دوم اور حافظ حسین نے سوم پوزیشن حاصل کی۔ جبکہ مقابلہ نظم خوانی میں انصاری وہمنوا اول، حافظ عارف دوم اور حمید اللہ اثری سوم آئے۔

❀❀❀❀❀

بعض معلومات

☆ دنیا میں سب سے زیادہ سنائی جانے والی آواز اذان ہے۔

☆ رقبے کے اعتبار سے پاکستان 33 ویں نمبر پر ہے۔

☆ پاکستان میں کل 32 زبانیں بولی جاتی ہیں۔

☆ مینار پاکستان کا ڈیزائن نصیرالدین مرادخان نے بنایا۔

☆ دنیا کا پہلا اخبار چین سے شائع ہوا۔

☆ دنیا میں قدیم ترین پرچم ڈنمارک کا ہے۔

☆ دنیا میں 3064 زبانیں بولی جاتی ہیں۔

☆ چین میں مکھی مچھر اور چڑیا بالکل نہیں۔

☆ پرندوں میں سب سے زیادہ عمر گدھ کی ہے۔